## ایم کیوایم کا جعفرآباد سے بلوچستان اسمبلی کی نشست پر ضمنی انتخابات میں حصہ لینے والی غریب کسان خاتون مائی جوری کی مکمل اور بھرپور حمایت کا اعلان

## بڑے بڑے جاگیرداروں کے سامنے کھڑے ہونے پر مائی جوری کو متحدہ قومی موومنٹ کا سلام تحسین

## مائی جوری نے غربت کو اپنے پیروں کی زنجیر نہیں بنایا بلکہ اپنی ہمت اور عزم وحوصلے سے ثابت کردیا ہے کہ ایوانوں میں پہنچنا صرف بڑے بڑے جاگیرداروں، سرداروں اور وڈیروں کا ہی حق نہیں بلکہ غریب کسان، مزدور، محنت کش اور مڈل کلاس لوگ بھی آ گے آ سکتے ہیں

## قائد تحریک الطاف حسین کا بنیادی نظریہ یہی ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنی صفوں سے قیادتیں نکالیں

## جعفرآباد کے غریب عوام انتخابی نتائج کی پرواہ کئے بغیر اپنے ووٹ دیکر مائی جوری کی ہمت کو سلام تحسین پیش کریں

کراچی۔۔۔ 9 مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بلوچستان کے ضلع جعفرآباد سے بلوچستان اسمبلی کی نشست PB-25 پر ضمنی انتخابات میں حصہ لینے والی غریب کسان خاتون مائی جوری کی مکمل اور بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے اور جعفرآباد کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ مائی جوری کو کامیاب بنائیں۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ انتہائی غریب طبقہ سے تعلق رکھنے والی مائی جوری کا ضمنی انتخابات میں حصہ لینا قابل تحسین عمل ہے اور ملک بھر کی غریب خواتین کیلئے ایک قابل تقلید مثال ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مائی جوری ایک انتہائی غریب اور کسان گھرانے کی خاتون ہیں لیکن انہوں نے غربت کو اپنے پیروں کی زنجیر نہیں بنایا بلکہ اپنی ہمت اور عزم وحوصلے سے ثابت کردیا ہے کہ ایوانوں میں پہنچنا صرف بڑے بڑے جاگیرداروں، سرداروں اور وڈیروں کا ہی حق نہیں بلکہ غریب کسان، مزدور، محنت کش اور مڈل کلاس لوگ بھی الیکشن لڑ سکتے ہیں اور آ گے آ سکتے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا بنیادی نظریہ بھی یہی ہے کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنی صفوں سے قیادتیں نکالیں کیونکہ عوام کے مسائل وہی حل کرسکتے ہیں جنہوں نے خود مسائل کا سامنا کیا ہو۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کی دیگر خواتین کو بھی اپنے حقوق کے حصول اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے مائی جوری کی طرح آ گے آنا چاہیے اور عملی جدوجہد میں حصہ لینا چاہیے۔ متحدہ قومی موومنٹ نے بڑے بڑے جاگیرداروں کے سامنے کھڑے ہونے پر مائی جوری کو سلام تحسین پیش کیا اور جعفرآباد کے غریب عوام سے اپیل کی کہ اگر وہ اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں تو ضمنی انتخابات میں اپنے ہی طبقہ سے تعلق رکھنے والی مائی جوری کو کامیاب بنائیں اور انتخابی نتائج کی پرواہ کئے بغیر اپنے ووٹ دیکر مائی جوری کی ہمت کو سلام تحسین پیش کریں۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ضلع جعفرآباد کے کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ مائی جوری کو کامیاب بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## الطاف حسین ملک کا فرسودہ اور دوہرا طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں، خواجہ اظہار الحسن

## اے پی ایم ایس او غزالی کالج میں منعقدہ تقریری مقابلے کی تقریب سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔9 مارچ 2010ء

قائد تحریک الطاف حسین ملک کا فرسودہ اور دوہرا طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں لہٰذا طلبہ تعلیم پر بھرپور توجہ دیں اور زیور تعلیم سے مکمل آراستہ ہوں، یہ بات حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن حیدرآباد سیکٹر کے تحت غزالی کالج میں منعقدہ تقریری مقابلے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد، مرکزی کابینہ کے رکن توصیف اعجاز، جوائنٹ زونل انچارج حیدرآباد زون محمد فاروق، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل اور مختلف کالجز سے تعلق رکھنے والے، اساتذہ کرام، طلبہ وطالبات سمیت سیکٹر آرگنائزر وارا کین سیکٹر کمیٹی ویونٹ کمیٹی ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نے طلباء میں شعور اجاگر کرنے اور طلباء کی پوشیدہ صلاحیتوں کو ظاہر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کوئی روایتی طلبہ تنظیم نہیں کہ جس نے کسی سیاسی جماعت سے جنم لیا ہو بلکہ وہ انقلابی تحریک ہے کہ جس نے متحدہ قومی موومنٹ جیسی پاکستان کی تیسری اور سندھ کی دوسری بڑی جماعت کو اپنے بطن سے جنم دیا۔ بعدازاں تقریری مقابلے کے منصفین کے فرائض پروفیسر یوسف میمن اور پروفیسر رونق افروز صاحبہ نے انجام دیئے جبکہ تقریر کے عنوان طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت میں کیمبری ہینسو بوائز ہائر سیکنڈری اسکول کے مرزا ارسلان بیگ، مہران یونیورسٹی جامشورو کے محسن علی اور گورنمنٹ ڈگری کالج شہداد پور کے محمد

اویس بروہی نے بالترتیب پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی جبکہ دوسرے عنوان پاکستان میں رائج دوہرا طبقاتی تعلیمی نظام میں سپیریئیر کالج لطیف آباد کے عبدالعظیم نے پہلی، ڈگری گرلز کالج لطیف آباد کی آنسہ نوال نے دوسری اور گورنمنٹ غزالی کالج کے فہیم زیدی نے تیسری پوزیشن حاصل کی جبکہ گورنمنٹ شاہ لطیف گرلز کالج کی طالبہ ثناء زیدی کو اعزازی شیلڈ دی گئی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی اور اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کو حیدرآباد سیکٹر کی جانب سے یادگاری شیلڈز پیش کی گئی جبکہ دیگر مقررین اور ججز صاحبان کو سٹرفکیٹ بھی دیئے گئے۔ تقریب سے حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج محمد فاروق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک کو اس ملک کے معماروں، نوجوانوں اور بالخصوص اے پی ایم ایس او سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں اسی لیے قائد تحریک ان سے بہت زیادہ محبت کرتے ہیں اور ہر سطح پر وقتاً فوقتاً انکی رہنمائی بھی کرتے ہیں، ہمیں قائد تحریک کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اچھی تعلیم حاصل کرنی ہوگی۔ اے پی ایم ایس او کے مرکزی کابینہ کے رکن توصیف اعجاز نے خطاب میں کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ کیلئے صحتمندانہ معاشرے کی تشکیل نو چاہتی ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر خیرپور زون کے کارکنان اظہار شبیر منگی اور اللہ جڑیو اجن کا تنظیم کی بنیادی رکنیت سے اخراج

کراچی۔۔۔ 9 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی وغیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی خیرپور زون یونٹ درازہ کے کارکن اظہار شبیر منگی اور گمبٹ یونٹ کے کارکن اللہ جڑیو اجن کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر عمل کریں اور شبیر منگی اور اللہ جڑیو اجن سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔09، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ112-A کی کمیٹی رکن ذوالفقار الحسن کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ذوالفقار الحسن شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب لطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ذوالفقار الحسن شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## لینڈ مافیا کے دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے کارکن ذوالفقار الحسن کو شہید کردیا
## ذوالفقار الحسن کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں شہادت شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی
## قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے، حکومت سندھ سے مطالبہ

کراچی۔۔۔09، مارچ2010ء

کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے ایک اور تازہ واقعے میں متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ112-A کے یونٹ کمیٹی کے رکن ذوالفقار الحسن کو موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا اور فرار ہوگئے۔ ذوالفقار الحسن بلدیہ ٹاؤن کے علاقے سعید آباد میں اپنے گھر کے قریب مسجد کے پاس کھڑے تھے کہ موٹر سائیکل سوار لینڈ مافیا جرائم پیشہ دہشت گردوں نے قریب آکر ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس سے ذوالفقار الحسن شدید زخمی ہوگئے اور زخموں کی تاب نہ لاکر جام شہادت نوش کرگئے۔ ذوالفقار الحسن کی عمر35 سال اور وہ شادی شدہ تھے۔ شہید کے پسماندگان میں بیوہ اور ایک چار ماہ کی بچی شامل ہے۔ ذوالفقار الحسن کی شہادت کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور علاقے کے ہمدرد جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، اس موقع پر کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جارہا تھا اور وہ شدید غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ112-A کے کمیٹی کے رکن ذوالفقار الحسن کی لینڈ مافیا کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں المناک شہادت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ کو شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کو شہر کا امن

ایک آنکھ نہیں بھارہا ہے اوروہ ایک بار پھر شہر کا امن خراب کرنے کیلئے قتل وغارت گری کی گھناؤنی وارداتیں کررہے ہیں، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 112-A کے یونٹ کمیٹی کے رکن ذوالفقارالحسن کی شہادت کا واقعہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیوایم کے کارکن ذوالفقارالحسن کی ٹارگٹ کلنگ میں شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں ملوث لینڈ مافیا سے تعلق رکھنے والے جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

☆☆☆☆☆